امارت اسلامیہ افغانستان کا واحد اردو ترجمان

ماہنامہ شریعت

جلد 8 اکتوبر 2019ء بمطابق صفر المظفر 1441ھ شمارہ 8

بمباری اور وحشت پھیلانے سے امریکہ کو کیا حاصل ہو گا؟

شام سے امریکا کا انخلا اور کردوں پر ترکی کا حملہ

بین الاقوامی سطح پر امارت کے کامیاب سفارتی دورے

امریکی دھمکیاں اور جنگ کا میدان

فتوحات کا تیز سلسلہ

امارت اسلامیہ ایک حکومت ہے

عالمی استعمار کے اٹھارہ سال بعد

فرمان نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " : مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ آدَمَ رِضَاهُ بِمَا قَضَى اللَّهُ لَهُ، وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ آدَمَ، تَرْكُهُ اسْتِخَارَةَ اللَّهِ، وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ آدَمَ، سَخَطُهُ بِمَا قَضَى اللَّهُ لَهُ " (رواه احمد والترمذی)

سیدنا سعد رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ آدمی کی نیک بختی اور خوش نصیبی میں سے یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف اس کے لئے جو فیصلہ ہو وہ اس پر راضی رہے اور آدمی کی بد بختی اور بد نصیبی میں سے یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے خیر اور بھلائی کا طالب نہ ہو اور اس کی بد نصیبی اور بد بختی یہ بھی ہے کہ وہ اپنے بارے میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے سے ناخوش ہو۔

فرمان امیر المومنین شیخ الحدیث هبة الله اخندزاده حفظه الله

امارت اسلامیہ اپنے عوام کو اطمینان دلاتی ہے کہ وہ مکمل شرعی نظام کے مطابق تمام خواتین و مردوں کو ان کے تمام اسلامی، انسانی اور معاشرتی حقوق فراہم کرے گی۔ امارت اسلامیہ معیاری دینی و عصری تعلیم، تجارت، ترقی، آبادی اور تمام اجتماعی امور میں ترقی کے لیے سہولیات فراہم کرتی ہے۔ یہ افغانوں کا بنیادی حق اور معاشرے کی فلاح و کامیابی کے لیے ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ امارت اسلامیہ تمام مجاہدین کو خصوصی ہدایت دیتی ہے کہ عام المنفعت منصوبوں کی حفاظت اور ترقی پر خصوصی توجہ دیں۔

امارت اسلامیہ افغانستان کا واحد اردو ترجمان

ماہنامہ شریعت

جلد ۸/ اکتوبر ۲۰۱۹/ صفر ۱۴۴۱ / شمارہ ۷

مدیر اعلیٰ: ولید افغان

نائب مدیر: شمس ابدالی

مجلس مشاورت

ملا اسد افغان — ہارون بلخی

اکرم تاشفین — محمد فرہاد جانباز

سیف العادل احرار

ڈیزائننگ: مولوی محمد فاروق

قیمت فی شمارہ 50 روپے

سالانہ 500 روپے

سالانہ زر تعاون

امریکا، آسٹریلیا، افریقا، یورپی ممالک: 40ڈالر

سعودی عرب، متحدہ عرب امارات: 30ڈالر

بنگلہ دیش: 28ڈالر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

'ماہنامہ شریعت' امارتِ اسلامیہ افغانستان کا اردو زبان میں واحد اور باضابطہ دینی، ثقافتی اور سیاسی مجلہ ہے۔ یہ امارت اسلامیہ کے رسمی 'میڈیا و ثقافتی کمیشن' کی جانب سے شایع ہوتا ہے۔ ماہنامہ شریعت افغانستان میں جاری اسلام و کفر کی کشمکش، سیاسی و جہادی واقعات و حالات اور ستم رسیدہ مسلمانوں پر روا رکھے جانے والے انسانیت سوز مظالم کا سچا اور چشم دید عکاس ہے۔

عکس دروں

جلال الدین حقانی نابغہ روزگار شخصیت	3
جعلی انتخابات اور افغان قوم	6
انتخابات کا فاتح کون؟	7
الیکشن سے قبل کے دو اندازے	8
سیگار اور وزارت دفاع کے ترجمان کے درمیان دلچسپ مکالمہ۔۔۔"	9
شام سے امریکا کا انخلا اور کردوں پر ترکی کا حملہ	11
اشرف غنی کو سزا دیں	15
بین الاقوامی سطح پر امارت کے کامیاب سفارتی دورے	17
عوام کی اکثریت کا فیصلہ	19
فتوحات کا تیز سلسلہ	21
امارت اسلامیہ ایک حکومت ہے	22
سعودی تیل تنصیبات پر حملہ	23
الیکشن کے نام پر امریکی سلیکشن	25
ٹرمپ کے نام	27
عالمی استعمار کے اٹھارہ سال بعد	28
ڈیموکریسی اور عوام کا فیصلہ	29
ویٹی کن کا اصل چہرہ	31
امن دشمن افغان حکومت	33
امریکی دھمکیاں اور جنگ کا میدان	34
امریکی فوج پر خدا کا قہر	35
ہندوستان کے مسلمانوں پر ٹوٹنے والی قیامت اور دنیا کی خاموشی	36
ہٹلر کا طعنہ	38
جنگ کے امیدوار الیکشن	39
افغانستان ستمبر 2019 میں	40
جنگی جرائم ستمبر 2019	42

Twitter: www.twitter.com/shariatmagazine1
Facebook: www.facebook.com/shariatmagazine
Web: www.alemarahurdu.com
E-mail: shariatmagazine@yahoo.com
WhatsApp: 0093708638285

بمباری اور وحشت پھیلانے سے امریکہ کو کیا حاصل ہوگا؟

امریکی وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ افغانستان میں موجود امریکی فوجیوں نے رواں برس کے صرف ماہ ستمبر میں افغانستان کے مختلف صوبوں میں ۱۱۱۳ ہوائی حملے کئے ہیں جو اوسطاً یومیہ 40 حملے بنتے ہیں۔

کابل کی وزارد دفاع نے سرزمین افغانستان پر ان امریکی حملوں کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ امریکی فوجیوں کی جانب سے حملوں اور بمباریوں کی وجہ سے علاقہ سے دشمنوں کا خاتمہ ہوتا ہے اور طالبان کے قبضہ کئے ہوئے علاقوں کو واپس لینے میں آسانی ہو جاتی ہے۔

جھگڑالو ٹرمپ کا امریکی صدر بننا اور پھر افغانستان کے لئے نئی پالیسی کے اعلان کے بعد امریکی فوجیوں کی جانب سے وحشی بمباری اور زمینی حملوں میں ویسے بھی تیزی آگئی تھی لیکن ماضی قریب میں اور بالخصوص ٹرمپ کی ٹویٹ کے بعد سے امارت اسلامیہ اور امریکہ کے بیچ ہونے والے مذاکرات کی تعطیل کے بعد امریکی فوج اور کابل ادارے کے غلام مسلح افراد کی جانب سے افغانستان میں رات کی کارروائیوں اور بمباریوں میں جتنی تیزی آئی ہے اور اس کے نتیجے میں جس قدر عام شہری شہید اور جتنا مالی نقصان ہو رہا ہے اس کی مثال گزشتہ 18 برسوں میں نہیں ملتی۔

عام شہریوں کے اس قتل عام کے زیادہ تر واقعات جنہیں پوشیدہ نہیں رکھا جا سکتا تو مجبوراً ملکی اور غیر ملکی میڈیا پر ان کی خبریں نشر کی جاتی ہیں جس کی بدولت دنیا کو افغانستان میں روا رکھی جانے والی اس وحشت و سربریت کا پتہ چل جاتا ہے لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ پوری مہذب دنیا خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے اور اس وحشت کے بارے میں نہ عالمی دنیا کی جانب سے کوئی موقف سامنے آتا ہے اور نہ ہی عالمی ذمہ داراداروں کی جانب سے کوئی ری ایکشن دکھائی دیتا ہے۔

جی ہاں پوری دنیا خاموش ہے، صرف مظلوم افغان قوم ہے جو اس وحشت اور سربریت کے سامنے کھڑی ہے، کٹھ پتلی ادارے سے نفرت کا اظہار کرتی ہے، وحشی کارروائیوں اور واقعات کے بعد مظاہرے کرتی ہے اور امارت اسلامیہ کے ساتھ علی الاعلان اپنی ہمدردی اور تعاون کا اظہار کرتے ہیں۔

شہریوں کے ساتھ ساتھ ملکی چینلز میں کی جانے والی ٹاک شوز میں تمام غیر جانب دار تجزیہ نگار کابل ادارے پر پہلے سے زیادہ غصہ اور معترض ہیں، وہ واشگاف الفاظ میں کہہ رہے ہیں کہ ان تمام تر حملوں اور بمباریوں میں صرف عام شہری ہی نشانہ بنتے ہیں جن میں بوڑھے، بچے، خواتین، مدارس اور سکولز کے طالب علم اور اساتذہ شامل ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں لوگوں کے گھر، مدارس، سکولز، علاج کے مراکز اور مساجد پر بمباری کی جاتی ہے، انہیں جلا کر ختم کر دیا جاتا ہے۔

دوسری طرف امریکی اور کٹھ پتلی ادارے کے مقابلے میں امارت اسلامیہ کے مجاہدین کی جانب سے بھی غاصب قوتوں کے خلاف جد وجہد میں پہلے کی بنسبت تیزی آئی ہے، امارت اسلامیہ کو فوجی اور سیاسی دونوں میدانوں میں زیادہ کامیابیاں مل رہی ہیں جس کا اعتراف پوری دنیا کر رہی ہے۔ اگرچہ امریکہ اور کٹھ پتلی ادارہ امارت اسلامیہ کی ان کامیابیوں کو چھپانے کی پوری کوشش کر رہے ہیں لیکن ان کی یہ کوششیں بار آور ثابت نہیں ہو رہیں۔

امارت اسلامیہ کے مجاہدین نے الفتح آپریشن کے اعلان کے بعد گزشتہ بہت کم عرصہ میں کئی اضلاع اور بڑے بڑے علاقے دشمن کے ناپاک وجود سے پاک کر لیئے ہیں، سیکڑوں عسکری مراکز پر قبضہ کر لیا ہے، روزانہ کی بنیاد پر دشمن کو خطیر جانی ومالی نقصانات پہنچا رہے ہیں، ذرائع ابلاغ میں شائع رپورٹس کے مطابق اکثر دنوں میں ہلاک شدگان کی تعداد 100 سے بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔

طالبان کی جانب سے حملوں میں تیزی کے نتیجے میں مزدور فوج بہت زیادہ جانی نقصان پہنچنے کی وجہ سے اب وہ طالبان کی ڈر سے اپنے مراکز چھوڑ کر راہ فرار اختیار کرتے ہیں اور طالبان جا کر ان پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ اسی طرح کابل نیشنل آرمی کی صفوں سے نوجوانوں کی فرار میں بھی حیران کن زیادتی دیکھنے میں آرہی ہے۔

سیگار نامی ادارہ جو کہ افغانستان میں امریکی کارروائیوں کا نگران ہے، اور ہر تین ماہ بعد افغانستان کی اندرونی حالات کی رپورٹ امریکہ بھیجتا ہے، اس ادارے کی طرف سے نشر ہونے والی تازہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ افغانستان میں امریکی فوجیوں کی عسکری کارروائیوں میں تیزی اور زیادتی کے باوجود بھی طالبان کی جانب سے ہونے والے حملوں کے نتیجے میں پہنچنے والے نقصانات 49 فیصد زیادہ ہو گئے ہیں، کابل ادارہ اپنے نقصانات کو پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ دفاعی حالت میں کابل ادارے کے نقصانات میں 60 فیصد زیادتی ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ تین مہینوں میں آرمی کی صفوں میں سے 18000 سے زیادہ فوجی بھاگ گئے ہیں، تین ماہ قبل آرمی میں شامل فوجیوں کی تعداد 162415 تھی جبکہ تین ماہ بعد اب یہ تعداد 143961 رہ گئی ہے۔ صرف تین مہینوں میں 18 ہزار سے زیادہ فوجیوں کی فرار کابل ادارے اور ان کی تربیت کنندہ امریکہ کے لئے بہت بڑے نقصان اور خطرے کی بات ہے۔

طالبان کی کامیاب پیش قدمی کو دیکھتے ہوئے یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ مستقبل قریب میں یہ تعداد مزید بڑھ جائے گی۔ اور یہ کٹھ پتلی ادارہ اس فوج سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔

چاہئے تو یہ تھا کہ کٹھ پتلی ادارہ اپنی شکست اور محکومی کا اعتراف کرتا اور بلا کسی شرط کے صلح ومذاکرات کے حوالہ سے طالبان کے موقف کی تائید کرتا لیکن اس نے اس کے برعکس اپنے احمقانہ موقف اور مذاکرات کی مخالفت کا اظہار کیا حالانکہ ان کا وہ آقا مذاکرات میں مصروف تھا جس کے بغیر یہ ادارہ ایک دن بھی باقی نہیں رہ سکتا۔

کابل ادارے کے حکمران ابھی بھی اپنے طول اقتدار کے خواب دیکھ رہے ہیں جس کے لئے جعلی انتخابات کا ڈرامہ بھی رچایا، جو کہ اس ادارے کی بڑی حماقت ہے۔ کابل ادارے کی ساکھ اب خاک میں مل چکی ہے اب ہزار کوششوں کے باوجود اپنے فوجیوں کے گرتے ہوئے مورال کو بلند نہیں کر سکے گا۔

جی ہاں! الفتح آپریشن کی صورت میں ان منظم اور کامیاب حملوں کا مقصد امریکہ اور اس کے کٹھ پتلیوں کو یہ پیغام دینا ہے کہ ٹرمپ کا مذاکرات سے فرار، حملوں اور بمباریوں میں تیزی، شہریوں پر ظلم وستم مجاہدین کی عسکری اور انتظامی کامیابوں کا راستہ نہیں روک سکتا۔

سیاسی اور فوجی تجزیہ نگاروں کے بقول: مذاکرات سے ٹرمپ کا فرار، اپنی جنگی حکمت عملی کی تقویت اور حالیہ وحشت کو دیکھتے ہوئے اب پوری افغان قوم یہ سمجھ چکی ہے کہ امریکہ افغانستان سمیت پورے خطے کے بارے میں اچھے عزائم نہیں رکھتا۔ بلکہ وہ یہاں لمبے عرصے تک لڑائی جھگڑے اور قتل وغارت کا بازار گرم رکھنا چاہتا ہے۔ اس کے لئے مختلف منصوبے اور پلان بنا رہا ہے۔

بلاشک ان ناعاقبت اندیش اقدامات کے نتیجے میں امریکہ ضرور اس قوم کی جانب سے خطرناک رد عمل کا سامنے کرے گا۔

ہمیں یقین ہے اور دنیا بھی دیکھ لے گی کہ امریکہ کی اس وحشت ناک طرز عمل کا حشر ناکامی ونامرادی کے سوا کچھ بھی نہ ہوگا۔ اور امریکہ کبھی بھی بمباریوں اور وحشت پھیلانے کے ذریعے کامیابی حاصل نہیں کر سکے گا بلکہ پہلے سے زیادہ ذلت ورسوائی کا شکار ہوگا اور اپنے ساتھ اپنے اتحادیوں کو بھی لے ڈوبے گا۔

جلال الدین حقانی نابغہ روزگار شخصیت

عبدالرحیم ثاقب

افغانستان مردم خیز سرزمین ہے جہاں تاریخ کے مختلف ادوار میں اہم شخصیات گزری ہیں، یہاں تاریخ کے ہر دور میں ایک نمایاں شخصیت ابھری ہے جنہوں نے تاریخی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، بہادرانہ کارنامے انجام دیئے ہیں اور ان کے ذریعے تاریخ میں اپنا مقام حاصل کیا ہے۔ افغانستان کی تاریخ علمی، ادبی اور جہادی شخصیات سے بھری پڑی ہے۔

افغان شخصیات اور ہیروز کا ایک سلسلہ موجودہ افغانستان، کل کے خراسان اور ہزاروں سال قبل آریانا سے شروع ہوا اور آج بھی جاری ہے۔ حضور علیہ الصلوۃ و السلام کے بعد دین کی ترویج اور پھیلاؤ کے لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو افغان رہنماوں کے کارناموں کو بلاشبہ اہم مقام حاصل ہے اور انہوں نے ہر دور میں اسلام کی دفاع اور ترویج کے لئے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

افغانستان کو اسلام کا مقدس پیغام پہنچنے کے بعد یہاں اسلام کے بہادر سپاہیوں اور علمی شخصیات کا سلسلہ جلیل القدر صحابی حضرت سفینہ مولی رسول اللہ ﷺ سے شروع ہوا اور پھر امام الشام فی الحدیث مکحول شامی، ابوداود السجستانی، ابن حبان البستی، سلطان محمود غزنوی، شہاب الدین غوری، میر وائس خان اور احمد شاہ ابدالی تک پہنچا ہے۔

الحاج مولوی جلال الدین (حقانی) رحمہ اللہ افغانستان کی علمی اور جہادی شخصیات کے سلسلے کی آخری کڑی ہے جنہوں نے اپنے تاریخی، علمی اور جہادی کارناموں کی بدولت افغان تاریخ میں ایک خاص مقام حاصل کیا ہے۔ آج اس تاریخی شخصیت کے انتقال کی پہلی برسی ہے۔ ہم اس مناسبت سے اس عظیم شخصیت کے جہادی، علمی اور جہادی کارناموں کی مختصر سی تفصیل قارئین کی خدمت میں پیش کریں گے۔

جہادی رہنما:

مولوی جلال الدین حقانی رحمہ اللہ ان چند افراد میں سے ایک ہیں جنہوں نے انحطاط پذیر اسلامی معاشرے کے جہادی جذبے کو فروغ دینے میں نمایاں کردار ادا کیا، نئی نسل میں جذبہ جہاد پیدا کرکے اس کو اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے تیار کیا۔

ایسی شخصیات کو ان کے جہادی کارناموں اور اقدامات کی وجہ سے امت میں ایک خاص مقام اور اہمیت حاصل ہے، کیونکہ وہ اسلامی معاشرے کے ہیروز ہیں جو اپنی جہادی سرگرمیوں اور خدمات کی وجہ سے تمام مسلمانوں کے لئے قابل فخر ہیں۔

ایسی شخصیات تاریخ کے مختلف مراحل میں اب تک موجود ہیں جنہوں نے اسلام اور مسلمانوں کے لئے جو تاریخی کردار ادا کیا ہے، ان پر امت مسلمہ کو رہتی دنیا تک فخر کرتی رہے گی۔ ان کی ناقابل فراموش خدمات امت مسلمہ کے لئے مشعل راہ ہیں۔ مثلا مجتہدین نے علم، فقاہت، استنباط اور استخراج کے مسائل میں فعال اجتہادی کردار ادا کیا ہے۔

مفسرین نے قرآن پاک کی تفسیر کے لئے جدوجہد کی ہے اور مسلمانوں کو اللہ کی کتاب کی تفہیم اور تشریح میں گران قدر خدمات انجام دی ہیں۔ محدثین نے حضور ﷺ کی احادیث مبارکہ کو ترتیب دینے، تخریج اور ان کے علمی قواعد کو ایجاد کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے جس کی وجہ سے ہم اصلی اور موضوعی احادیث نیز صحیح اور ضعیف حدیث میں فرق کرسکتے ہیں۔

اسی طرح نحوی اور صرفی علماء کرام، اہل فصاحت و بلاغت، ادب، طب، اقتصادیات اور سیاست کے فضلاء نے اپنے اپنے دور میں امت کے لئے کردار ادا کیا ہے۔

ایک تاریخی شخصیت:

مرحوم جلال الدین حقانی علم، جہاد اور دعوت کے میدان میں ان منٹ نقوش چھوڑ کر گئے انہوں نے اپنے خلوص اور دیانت کے ساتھ ارتقا کی جو منازل طے کیں وہ تاریخ کا ایک روشن باب ہے، اگرچہ وہ ایک سنجیدہ عالم، ماہر سیاستدان اور اچھے مبلغ تھے لیکن جہاد کے میدان میں ان کی ناقابل فراموش خدمات اور دو سپر پاوروں کے خلاف علم جہاد بلند کرنا ان کے قابل فخر کارنامے ہیں۔

خود حقانی کا یہ قول بہت مشہور ہے: "میں نے جہاد اور حملہ آوروں کے خلاف مزاحمت میں جتنی خوشی محسوس کی ہے، شاید بیت اللہ کے طواف میں محسوس نہیں کیا

ہوگا"۔

وہ واحد جہادی رہنما ہیں جنہوں نے اپنے خاندان کے اکثر افراد، بیٹے، بھائی، بھتیجے اور دوسرے قریبی رشتہ داروں کی قربانیاں دی ہیں۔ ایک ایسے رہنما جنہوں نے نہ بیت المال سے عیش و عشرت کے لئے فائدہ اٹھایا اور نہ ہی ذاتی مفادات کو کبھی ترجیح دی۔

شخصیت سازی کی تربیت گاہ:

اگر حقانی کی شخصیت پر غور کیا جائے تو یہ بات سمجھ میں آئے گی کہ "حقانی" صاحب صرف ایک شخص کا نام نہیں ہے بلکہ وہ ایک نظریے اور تحریک کا نام ہے اور وہ ایک جہادی مدرسے کا نام ہے جس سے بہت سارے لوگ فیض یاب ہوئے، وہ ایک جہادی چشمے کا نام ہے جس سے بہت سارے لوگ سیر اب ہوئے، ان کے نظریے سے الہام لینے والے مجاہدین نے سوویت یونین کے خلاف بھی جہاد کا علم بلند کیا تھا اور آج بھی قابض افواج کے خلاف بر سر پیکار ہیں۔

حقانی صاحب جہاد اور قربانیوں کے قافلے کے سر خیل تھے جنہوں نے مشکل حالات میں نہ صرف نوجوانوں کی صحیح تربیت کا فریضہ انجام دیا بلکہ خود بھی اس مشکل راستے پر چلتے ہوئے سر خرو ہوئے اور اپنی منزل مقصود تک پہنچ گئے۔ حقانی صاحب جہادی حقانیت کا حقیقی مظہر، مزاحمت کا مینار، صبر و استقامت کا بے مثل نمونہ ہے۔

مولوی جلال الدین حقانی جہادی کارناموں کی بدولت امت مسلمہ کے دلوں میں اپنا مقام بنا چکے ہیں وہ امت مسلمہ کے اسلاف صلاح الدین ایوبی اور سلطان نور الدین زنگی کے بعد ایک قائد کی حیثیت سے ابھرے ہیں، جن کی جہادی سر گرمیوں کے اثرات افغانستان کی جغرافیائی حدود سے نکل کر دوسری اسلامی دنیا تک پھیلے ہوئے ہیں۔

عصر حاضر کے جہادی مجدد:

عصر حاضر میں بلاشبہ حقانی صاحب کو ایک جہادی مجدد سمجھا جاتا ہے کیونکہ ماضی میں امت مسلمہ کے سابقہ جہادی رہنماوں نے مختلف علاقوں اور ممالک کو فتح کیا تھا تو عصر حاضر کے حالات اور امکانات کے مطابق حقانی صاحب نے حملہ آوروں کے خلاف جس انداز سے جہادی تحریک کو پروان چڑھایا اور بہترین حکمت عملی کے تحت اپنا ہدف حاصل کیا وہ بھی تاریخ کا ایک حصہ بن چکا ہے۔

تین جہادی مراحل کی فتح:

حقانی صاحب واحد جہادی رہنما ہیں جنہوں نے اپنی جہادی زندگی میں نظریہ الحاد کے خلاف جدوجہد کا مرحلہ، سوویت حملہ آوروں کے خلاف مسلح جہاد کا مرحلہ اور موجودہ صلیبی حملہ آوروں کے خلاف جہادی مزاحمت کا مرحلہ احسن طریقے سے انجام دیکر تینوں مرحلوں کو کامیابی کے ساتھ طے کیا، میں اس موقع پر حقانی صاحب کی جہادی زندگی کے اہم کارناموں کے بارے میں کچھ گزارشات قارئین کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔

تقویٰ اور دیانت:

تقویٰ حقانی صاحب کی زندگی کی غیر متزلزل خصوصیت تھی، ریاکاری پر مبنی تقوی نہیں بلکہ عملی تقوی جس میں ان کی زندگی کے تمام پہلوؤں، جہاد، سیاست، معاملات اور ہر چیز کا احاطہ کیا گیا تھا۔ کچھ لوگ تقویٰ کو صرف عبادت تک ہی محدود سمجھتے ہیں اور جو لوگ نماز اور روزہ میں زوائد کے لئے خصوصی اہتمام کرتے ہیں انہیں متقی سمجھتے ہیں حالانکہ وہ دنیا کے معاملات میں تقوی کا خاص خیال نہیں رکھتے لیکن حقانی صاحب زندگی کے تمام شعبوں اور معاملات میں تقوی کا خیال رکھتے ہیں اسی وجہ سے تمام امور میں انہیں اللہ تعالی کی مدد حاصل تھی کیوں کہ اللہ تعالی نے اپنے نیک بندوں سے یہ وعدہ کرتا ہے: إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ (۱۲۸النحل)

ثابت قدمی اور استحکام:

اپنے موقف اور اصول پر ثابت قدم رہنما حقانی صاحب کی زندگی کا ایک اور اہم پہلو تھا، حقانی صاحب نے الحاد اور حملہ آوروں کے خلاف جس دن جہاد شروع کیا وہ مرتے دم تک اس موقف پر قائم رہے، دشمن کی طاقت نے ان کا موقف تبدیل کیا اور نہ ہی وہ ہوس اقتدار کی وجہ سے اپنے اصولی موقف سے دستبردار ہوئے، اپنے موقف پر ثابت قدم رہنا اللہ تعالی کے مقبول بندوں کی خصوصیت ہے، ارشاد باری تعالی ہے کہ : يُثَبِّتُ اللّهُ الَّذِينَ آمَنُواْ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الآخِرَةِ وَيُضِلُّ اللّهُ الظَّالِمِينَ وَيَفْعَلُ اللّهُ مَا يَشَاء۔ سورۃ ابراھیم۔

قربانی اور فداکاری:

قربانی دینا ہر مجاہد کے ساتھ لازمی امر ہے لیکن حقانی صاحب کو ایک خاص مہارت حاصل ہے، تخصص کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے اپنے آپ کو بھی پیش کیا

تھا، اپنی اولاد، بھائیوں، بھتیجوں اور رشتہ داروں کو بھی اللہ کی راہ میں قربانی کے لئے پیش کیا تھا، حاجی ابراہیم حقانی کے مطابق، حقانی خاندان کے شہدا کی کل تعداد تقریبا 70 تک پہنچی ہے، اسی طرح زخمیوں اور قیدیوں کی تعداد بھی زیادہ ہے۔

شجاعت اور شہامت:

جہاد بنیادی طور پر شہامت اور غیرت کا مدرسہ ہے لیکن حقانی صاحب نے اس مدرسہ میں ممتاز نمبروں سے امتحان پاس کیا تھا۔ اگرچہ پچھلے جہاد کے زمانے سے ہی حقانی صاحب اور ان کے بھائیوں اور بیٹوں کو بار بار دشمن کی جانب سے نشانہ بنایا جاتا رہا ہے لیکن وہ اتنے دلیر تھے کہ کبھی بھی راہ حق سے دستبردار ہوئے اور نہ ہی جہاد کی صف سے الگ ہوئے، وہ کبھی بھی دشمن کی دھمکیوں کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالتے تھے۔

اگر جہاد کے الزام میں امریکہ کو مطلوب افراد کی فہرست کو دیکھا جائے تو شاید کوئی دوسرا خاندان ایسا نہیں ملے گا جس کے خاندان کے تمام افراد امریکہ کو مطلوب ہو، اس فہرست میں حقانی صاحب کے خاندان کے تمام افراد کے نام اس فہرست میں شامل ہیں جن میں سے ہر ایک پر لاکھوں ڈالر کے انعامات مقرر کئے گئے ہیں۔

یہ ایک حقیقی مجاہد کی ایک خاص صفت ہے جس سے کفری قوتیں خوف زدہ ہیں، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: وَلاَ يَطَؤُونَ مَوْطِئًا يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلاَ يَنَالُونَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلاً إِلاَّ كُتِبَ لَهُم بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ إِنَّ اللّهَ لاَ يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ) التوبة ۱۲۰

جامع شخصیت:

جامعیت حقانی صاحب کی ایک اور خصوصیت ہے، حقانی صاحب جتنا فوجی اور عسکری امور کا ماہر تھا، اتنا سیاست اور انتظامیہ کے امور سے بھی واقف تھا، وہ ایک طرف سینئر سیاستدان تھے تو اس کے ساتھ ایک جید عالم دین بھی تھے، اگر وہ سیاست اور حکومت کے لحاظ سے کمال کے آدمی تھے تو وہ سماجی، معاشرتی، جرگوں اور قبائلی امور کی نبض بھی جانتے تھے۔ لہذا علمی، سیاسی، فوجی اور سماجی امور میں مہارت رکھنے والے حقانی صاحب جیسی ہمہ جہت شخصیت افغانستان اور خطے کی سطح پر اب تک نہیں ملی ہے۔

ماحول پر اثرات:

اسلامی جماعتوں کی تباہی و بربادی کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ان جماعتوں کے قائدین اور حامی اپنے موقف اور مشن سے انحراف کرتے ہیں، یہ انحراف کبھی فکری انداز میں اور کبھی دباؤ کی وجہ سے اور اور کبھی مادی مفادات کی وجہ سے کیا جاتا ہے۔

اس وقت ہم امریکیوں کے ساتھ شانہ بشانہ بہت سارے ایسے لوگوں کو دیکھتے ہیں جو ایک مکمل جہادی ماحول میں تربیت یافتہ ہیں، اسلامی مدارس اور یونیورسٹیوں سے فارغ التحصیل ہیں اور اسلامی جماعتوں میں بہت قربانیاں دے چکے ہیں لیکن افسوس ناک امر یہ ہے کہ اب وہ عملی طور پر ایک ایسے نظام کے ساتھ کھڑے ہیں جو ان کے اصل موقف اور سوچ کے مخالف ہیں۔

جی ہاں! اب وہ اپنے اصل راستے سے انحراف کے لئے صلیبی لشکر کی صف میں کھڑے ہیں اور دشمن کے مفادات کے لئے کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان افراد کے قائدین اپنے ماحول پر اثر انداز نہیں ہو سکے جس کے باعث وہ راہ حق سے بھٹک گئے اور آج دشمن کی صف میں کھڑے ہیں۔

حقانی صاحب بے پناہ جہادی مصروفیات کے باوجود اس اہم نکتے کی طرف پوری طرح متوجہ تھے کہ اپنے خاندان اور اپنے زیر کنٹرول افراد کو اسلامی ماحول میں تربیت دیں، اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ان کے خاندان کے تمام افراد پوری مستقل مزاجی اور استقامت کے ساتھ راہ حق پر چل رہے ہیں اور اپنے اکابرین اور اسلاف کے مشن پر کاربند ہیں

لہذا ہم دیکھتے ہیں کہ فتنوں اور آفات کے اس دور میں حقانی صاحب کے خاندان اور دوستوں میں کوئی ایسا شخص نظر نہیں آتا ہے جس نے جہادی اور فکری نظریہ سے انحراف کیا ہو بلکہ ان کے خاندان تمام افراد اور دوست احباب تقویٰ، استحکام، ہمت، شجاعت اور اخلاص میں ایک دوسرے سے سبقت لینے کی کوشش کرتے ہیں اور سب اپنے پیش رو کے نقش قدم پر ثابت قدمی کے ساتھ گامزن ہیں۔ والحمد للہ علی ذالک

ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء..

این سعادت بہ زور بازو نیست
تا نہ بخشد خدای بخشندہ

جعلی انتخابات اور افغان قوم

شہید زوی

افغانستان پر امریکی حملے کے نتیجے میں مسلط کی گئی جمہوریت کی حقیقت بہت جلد افغان قوم پر آشکار ہو گئی ہے۔ یہ جمہوریت مغرب کا ایک سازشی نعرہ ہے۔ جس کے ذریعے وہ لوگوں کو بے وقوف بنا رہا ہے۔ افغانستان جیسے مقبوضہ ملک میں الیکشن کے ذریعے جمہوری حکومت کا قیام صرف ایک خواب ہے۔ مغربی قوتیں اسی جمہوری نعرے کے ذریعے اپنے استعماری اہداف تک پہنچنے کے لیے ہر چار یا پانچ سال بعد انتخابات کے نام پر جعلی ڈرامہ رچاتی ہیں۔ جس میں اپنی مرضی کے کٹھ پتلیوں کو کامیاب کرایا جاتا ہے، جو ان کے حکم کو بلاچوں و چرا تسلیم کرتے ہوں۔ جب کسی غلام حکمران کے باوجود ان کے اہداف پورے نہیں ہو رہے ہوتے تو پھر یہ اپنے اس غلام کو بہت زیادہ بدنام کرتے ہیں۔ اس سے اقتدار چھین لیتے ہیں۔ پھر اسے ٹھکانے لگا دیا جاتا ہے۔ اس کی جگہ ایسے شخص کا انتخاب کیا جاتا ہے، جو پہلے کی نسبت زیادہ وفادار ہو۔

یہی وجہ ہے آج جمہوری طرز حکومت اور انتخابات نے اپنی بین الاقوامی مقبولیت کھو دی ہے۔ اس کی سیاسی اور قانونی حیثیت پر ہمیشہ سوالات اٹھائے جاتے ہیں۔ ہر ملک کے باخبر افراد اسے مغربی قوتوں کی ایک خطرناک سازشی جال سمجھتے ہیں۔ جس کے ذریعے وہ آزاد ریاستوں اور حکومتوں کو غلام بنا کر ان کی معاشی، ثقافتی اور مذہبی آزادی سلب کر لیتی ہیں۔ اپنے دین، وطن اور ثقافت سے بے پناہ محبت کرنے والی افغان قوم مغربی تہذیب سے نفرت کرتی ہے۔ افغان قوم دشمن کی ان سازشوں اور مذموم اہداف کی زیادہ جانکاری رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انتخابی ڈرامے میں واضح اکثریت نے بائیکاٹ کرتے ہوئے انتخابات میں حصہ نہیں لیا۔ مغربی قوتوں کے آلہ کار سیاست دان اور دجالی میڈیا کی اکثریت اسے کامیاب انتخابات باور کرا رہی ہے۔

نام نہاد صدارتی امیدواروں کے درمیان مقابلہ جاری تھا تو ہر ایک کی نظریں اپنے آقا کی طرف تھیں۔ امریکا نے امیدواروں میں سے صرف اشرف غنی، عبداللہ اور گل بدین کو سرفہرست رکھا۔ مقابلہ ان تینوں کے درمیان رہا۔ اس لیے باقی ماندہ امیدواروں کے دھاندلی اور سلیکشن کے الزامات کو ہوا میں اڑا دیا گیا۔ افغان قوم جانتی تھی کہ 28 ستمبر کے انتخابات امریکا کا وہ پلان ہے، جس کے ذریعے کابل کا صدارتی محل وقت کے شاہ شجاع سے بھی بدتر اشرف غنی اور عبداللہ جیسے غلاموں کے سپرد کیا جائے گا۔ انہوں نے گزشتہ پانچ سال میں اسلام، وطن اور افغان قوم کی تاریخی قربانیوں کی عظمت کو غیروں کے ہاتھ بیچ ڈالا ہے۔ اشرف غنی نے اقتدار ملتے ہی امریکا کے افغانستان میں دائمی قیام کے معاہدے پر دستخط کیے۔ جس سے افغان قوم کی تاریخ اور آزادی سلب کر لی گئی۔ امارت اسلامیہ سمیت پوری قوم نے اس معاہدے کو مسترد کرتے ہوئے اس کے خلاف آواز اٹھائی۔

امریکا سمیت دوسرے یورپی ممالک افغانستان میں انتخابات کو قانونی باور کراتے رہے۔ ان کے مطابق 20 سے 25 فیصد افراد نے حق رائے استعمال کیا۔ حالانکہ انتخابات میں حصہ لینے والے 10 فیصد تک بھی نہیں پہنچتے۔ آزاد ذرائع نے یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ یہ دنیا کے واحد انتخابات ہیں، جن میں سب سے کم لوگوں نے حصہ لیا۔ ان انتخابات کے نتائج کس طرح عوام قبول کریں، جن میں لوگوں کی واضح اکثریت نے حصہ نہ لیا ہو۔ اسی طرح انتخابات کے دو سرفہرست امیدوار اشرف غنی اور ڈاکٹر عبداللہ ایک دوسرے پر دھاندلی کے الزامات لگا رہے ہیں۔ وہ انتخابات کی شفافیت کو تسلیم کرتے ہیں اور نہ دنیا کے سامنے انتخابات کی شفافیت ثابت کر سکتے ہیں۔ انتخابات کو عوام اور امارت اسلامیہ نے مسترد کر دیا ہے۔ افغان قوم کی فکری ترجمانی صرف امارت اسلامیہ کر رہی ہے۔ پوری قوم کی امیدیں ایک پرامن اور اسلامی نظام کے قیام کے لیے اس سے وابستہ ہیں۔

ہم نے شروع ہی سے اس قسم کے جعلی انتخابات کو اسلامی اور افغانی اقدار کے خلاف قرار دیا تھا۔ اب بھی کہتے ہیں کہ جس طرح یہ انتخابات تھے، اسی طرح اس کے نتائج بھی جعلی ہوں گے۔ اس کے نتیجے میں قائم ہونے والا ادارہ بھی کوئی قانونی حیثیت نہیں رکھتا۔ وہ افغان قوم کے لیے ناقابلِ قبول ہوگا۔ اس مرتبہ بھی امریکی حکم پر دو یا تین حکمران مسلط کیے جائیں گے۔ جن میں آخر تک اختیارات کی جنگ ہوگی۔ اس طرح امریکا گزشتہ کی نسبت بہت آسانی سے اپنے اہداف تک پہنچ سکتا ہے۔ اس مرتبہ سلیکٹ ہونے والے افراد ماضی کی نسبت زیادہ وحشی اور اپنی قوم کے قاتل ہوں گے۔ ہماری پوری مہذب دنیا سے درخواست ہے کہ افغان قوم کی رائے کا احترام کرتے ہوئے امریکا کے ہاتھوں تشکیل پانے والے اداروں کو افغان قوم کا نمائندہ نہ سمجھا جائے۔

انتخابات کا فاتح کون؟

شاہد غزنیوال

ستمبر کے آواخر میں انتخابات کے نام پر امریکی منصوبہ کابل سمیت دوسروں صوبوں میں امریکی طیاروں کے سائے تلے منعقد ہوا تھا۔ اشرف غنی کے سوا تمام صدارتی امیدواروں نے انتخابات میں عوام کی شرکت ناکافی اور انتخابات میں بھرپور دھاندلی کی نشاندہی کی ہے۔ اشرف غنی نے انتخابات کے بعد کچھ ایسے انداز میں میڈیا کے سامنے عوام، سکیورٹی فورسز اور میڈیا نمائندوں کا شکریہ ادا کیا، جیسے یہ انتخابات بالکل امن کی فضا اور غیروں مداخلت کے بغیر پایہ تکمیل تک پہنچے ہوں۔ سوال یہ ہے کہ ان نام نہاد انتخابات میں کامیابی کس امیدوار کی ہو گی؟ جواب واضح ہے کہ ان انتخابات میں کامیابی اس امیدوار کی نہیں، جس کے حق میں زیادہ ووٹ پڑے ہوں۔ کامیابی اس امیدوار کی ہو گی، جس کی الیکشن مہم پر امریکا نے لاکھوں ڈالر لگائے ہیں۔

نام نہاد الیکشن کمیشن نے اعلان کیا کہ انتخابات کے نتائج کا اعلان ان کی جانب سے ترتیب دیے گئے کیلنڈر کے مطابق تین ہفتے بعد کیا جائے گا۔ تادم تحریر پانچ ہفتوں سے زیادہ عرصہ گزرنے کے باوجود اعلان نہیں کیا گیا۔ بین الاقوامی تجزیہ کاروں، انتخابی امیدواروں اور میڈیا سب نے تسلیم کیا ہے کہ انتخابات میں لوگوں کی شرکت نہ ہونے کے برابر تھی۔ جس کی ایک وجہ انتخابات پر لوگوں کا عدم اعتماد تھا۔ دوسری جانب طالبان نے بھی لوگوں سے اپیل کی تھی کہ ان انتخابات میں حصہ نہ لیں۔ انتخابات کے روز طالبان نے کئی علاقوں میں سڑکوں کو لوگوں کی آمد و رفت کے لیے بند کر دیا تھا۔ موبائل نیٹ ورک رات تک غیر فعال تھے۔ دوسری جانب صوبہ بامیان کا مرکز مکمل طور پر کٹھ پتلی حکومت کے کنٹرول میں ہے۔ یہاں کے عوام بھی نسبتا حکومت کے زیادہ حامی ہیں۔ اس کے باوجود یہاں بھی ٹرن آؤٹ بہت ہی کم رہا۔

انتخابات سے قبل الیکشن کمیشن نے اعلان کیا تھا کہ انتخابات کے لیے 9 ملین افراد نے رجسٹریشن کروائی ہے۔ انتخابی امیدواروں، میڈیا کے نمائندوں اور عینی شاہدین کے مطابق انتخابات میں حصہ لینے والے افراد کی تعداد ایک ملین سے زائد نہ تھی۔ انتخابات کے نام پر یہ سازش امریکی شرارت کی ایک اور کڑی ہے، جو وہ کئی عشروں سے افغان عوام کے خلاف کرتے آ رہے ہیں۔ اس سازش کے ذریعے بھی اس کا ہدف کئی افغان شہریوں کا خون بہانا تھا۔ امریکا کا خیال تھا کہ ایک بار پھر کچھ ورغلائے گئے افراد انتخابی مہم کا حصہ ہیں، انہیں طالبان نے اپنی ہٹ لسٹ پر رکھا ہوا ہے۔ ان پر حملے کی صورت میں یقینا انتخابات کے لیے آنے والے افراد بھی نشانہ بنیں گے۔

دوسرا ہدف یہ تھا کہ اس سازش کے ذریعے افغانوں کے درمیان اختلافات اور پھوٹ ڈالے۔ اس بار بھی کسی ایک امیدوار کے ووٹرز دوسرے امیدوار کے ووٹرز کے ساتھ دست و گریبان ہوں۔ الحمدللہ! افغان قوم نے اسلامی بصیرت کے تحت امریکا کے اس منصوبے پر پانی پھیر دیا۔ اس میں شرکت نہ کر کے اسے عملی طور پر ناکام بنا دیا۔ عوام نے الیکشن میں شرکت نہ کر کے دو امریکی دو اہداف کو ناکام بنا دیا۔ امریکا اس سازش کے ذریعے یہاں قیام کی مدت کو مزید طول دینا چاہتا ہے۔ جس کا ایک ذریعہ یہی تھا کہ وہ اپنے کٹھ پتلیوں کی ایک نئی حکومت بنائے اور انہیں اپنے مفادات کے تحفظ کے استعمال کرے۔ دوسرا ہدف اندرونی اختلافات کی فضا پیدا کرنا تھی۔ جس طرح گزشتہ انتخابات میں ڈاکٹر عبداللہ اور اشرف غنی کے درمیان اختلافات کی وجہ سے انتخابی نتائج کا اعلان چھ ماہ تک نہ ہو سکا۔ بالآخر تب کے امریکی وزیر خارجہ جان کیری نے دونوں کی صلح کروائی اور افغانستان کی حکومتی تاریخ میں صدر کے ساتھ ایک اور منصب 'چیف ایگزیکٹیو' کا اضافہ کرتے ہوئے اسے ڈاکٹر عبداللہ کے سپرد کر دیا۔ اس طرح ان کے درمیان گویا اختیارات کی تقسیم کی گئی۔ اختلافات اس کے باوجود بھی کم نہ ہو سکے۔ انہی اختلافات کی وجہ سے آخر تک نہ حکومتی کابینہ بنی اور نہ دونوں رہنماؤں کے درمیان اختلافات کی سطح کم ہوئی۔ اس مرتبہ بھی مذکورہ انتخابات افغان عوام کی مصلحت اور مفاد کی خاطر نہیں ہوئے۔ امریکی مفادات کے تحفظ کے لیے وہی افراد انتخاب کیے جائیں گے، جو افغانستان میں اس کی مداخلت کو جواز کی سند اور اس کی ہر ہاں میں ہاں ملانے میں ماہر ہو۔

الیکشن سے قبل کے دو اندازے

موسیٰ فرہاد

امریکی جارحیت کے سائے میں چوتھی بار صدارتی انتخابات ہو چکے ہیں۔ یہ سلسلہ ایسے وقت میں شروع ہوا، جب دو صدارتی امیدواروں کی جانب سے لاکھوں ڈالر کی رقم سرکاری خزانے سے ذاتی الیکشن مہم اور دھاندلی کے لیے استعمال ہو چکی ہے۔ الیکشن سے قبل نہ صرف ماہرین، بلکہ اکثر افغان عوام کا مطالبہ تھا کہ اِس وقت ملک کو امن کی ضرورت ہے۔ امن کے لیے کام ہونا چاہیے۔ انتخابات کو ترجیح دینے کا مطلب مذاکرات کو سبوتاژ کرنا ہے۔ صرف وہ لوگ الیکشن کے حامی ہیں، جن کو اپنے مفادات اور مصنوعی سیاسی زندگی کی بقا افغان عوام کے خون میں نظر آتی ہے۔ اسی لیے اندازہ یہ تھا کہ عوام اس جعلی پروسس میں شریک ہوں گے اور نہ ہی مشترکہ فوج اس الیکشن کو سکیورٹی دینے میں کامیاب ہو گی۔ دوسری جانب یہ دونوں احتمال طالبان کی جانب سے قابل اعتماد طریقے سے عوام کو بتا دیے گئے۔ الیکشن کے حامی کابل انتظامیہ اور اس کے بیرونی حامیوں کو خبردار کیا گیا کہ تمہاری سوچ زمینی حقائق کے خلاف ہے۔ طالبان نے عوام کو آگاہ کیا کہ انتخابات کے نام پر اس جعلی پروسس کا بائیکاٹ کریں۔ خود کو خطروں میں نہ ڈالیں۔ بیرونی قوتوں کے اس نمائشی عمل میں شریک ہو کر اسے زندگی نہ دیں۔

اگرچہ افغانستان میں مقیم بیرونی قوتوں اور کابل انتظامیہ کے عسکری حکام یہ اعلان کرتے رہے کہ انہوں نے الیکشن کی حفاظت کے لیے لاکھوں فوجی تعینات کر دیے ہیں۔ تاکہ اینٹی سکیورٹی واقعات کی روک تھام ہو سکے۔ مگر الیکشن کے بعد الیکشن کے حامیوں کے تمام تر اندازے غلط ثابت ہو گئے۔ الیکشن میں عوام کی عدم شرکت اب پوری دنیا کو معلوم ہو چکی ہے۔ ہر کسی کو یقین ہے کہ عوام نے الیکشن کا بائیکاٹ کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے شائع ہونے والے اعداد و شمار سے واضح ہوتا ہے کہ الیکشن کے تین دن بعد بھی کچھ علاقوں میں بیلٹ بکس میں ووٹ گنے گئے۔ بجائے خود یہ ایک غیر قانونی عمل ہے۔ تمام ووٹوں کی گنتی اسی دن ہونی چاہیے تھی، اس کے باوجود اب کہیں جا کر پورے ملک میں استعمال ہونے والے ووٹوں کی تعداد دو ملین تک پہنچی ہے۔

مطلب یہ ہے کہ افغانستان کے ساڑھے تین کروڑ افراد میں سے صرف بیس لاکھ افراد نے ووٹ کاسٹ کیے۔ وہ بھی ظاہر ہے، سرکاری ملازمین یا ان کے خاندان کے افراد نے کاسٹ کیے ہوں گے۔ ساڑھے تین کروڑ افراد میں سے بیس لاکھ افراد کا باہر آنا یہ ثابت کرتا ہے کہ اس الیکشن کا 99 فیصد بائیکاٹ کیا گیا تھا۔ اس طرح یہ سلسلہ غیر قانونی قرار پایا۔ اب تقریباً پوری دنیا اس کا اعتراف کر رہی ہے۔ دوسرا اندازہ یہ لگایا جا رہا تھا کہ ملک کی سیکورٹی صورت حال بیرونی قوتوں اور ان کے داخلی کٹھ پتلیوں کے سنبھالنے کے بس میں نہیں ہے۔ کابل فوج کا دعویٰ تھا کہ اس نے کئی ملیم ڈالر کی لاگت سے ملک بھر میں 80 ہزار سے زائد فوجی الرٹ پوزیشن میں کھڑے کر دیے ہیں۔ تاکہ طالبان کے حملوں کا دفاع کیا جا سکے۔ الیکشن سے ایک دن قبل، الیکشن کے دن اور اس کے ایک دن بعد یعنی تین دن تک بڑی تعداد میں حملے ہوتے رہے۔ طالبان کے دیے ہوئے اعداد و شمار کے مطابق 500 سے زیادہ حملے کیے گئے، جن میں سیکڑوں افغان فوجی ہلاک ہو گئے۔

پہلے تو جن صوبوں میں الیکشن مراکز تھے، وہاں حملے ہوئے ہیں۔ جس کی میڈیا نے بھی تصدیق کی ہے۔ ہونے والے نقصانات کی بھی تصدیق کی ہے۔ طالبان کے بقول 500 سے زائد حملوں میں لگ بھگ 400 فوجی ہلاک ہو چکے ہیں۔ جس کی آدھی تعداد کی سوشل میڈیا پر عوام نے بھی تصدیق کی ہے۔ آزاد صحافیوں نے اسے درست قرار دیا۔ تیسری اہم چیز الیکشن کے روز 5 اضلاع کا سقوط ہے۔ صوبہ تخار میں ضلع چاہ آب، خواجہ غار، اور بہارک۔ صوبہ فاریاب میں ضلع قرمقل۔ صوبہ جوزجان میں درزآب۔ اس کے علاوہ بغلان میں ایک بڑا کیمپ، پکتیکا میں ایک بڑا سکیورٹی اڈہ، قندوز، غزنی، بلخ، فراہ، زابل، کاپیسا اور کچھ دیگر علاقوں میں 18 چوکیاں سرکاری فوج سے چھین لی گئیں۔ سیکڑوں کی تعداد ہموی ٹینک رینجر گاڑیاں اور طرح طرح کے ذرائع نقل و حمل طالبان کے حملوں میں تباہ ہو گئے۔ بڑی تعداد میں اسلحہ اور دیگر سامان غنیمت میں مجاہدین کے ہاتھ لگا۔

یہ تفصیلات الیکشن کے دن کی ہیں۔ اس طرح کے واقعات سے لوگوں کے ان اندازوں کی تصدیق ہوتی ہے، جو الیکشن سے قبل لگائے جا رہے تھے۔ اس نے افغان سرکاری فوج کے وہ دعوے غلط ثابت کر دیے، جو وہ کہتے تھے کہ کئی ملین ڈالر لگا کر لاکھوں کی تعداد میں سکیورٹی فورسز تعینات کی گئی ہیں، جو امن و امان کو کنٹرول کر سکتی ہیں۔ چوں کہ بہت سے سکیورٹی واقعات پیش آ چکے ہیں۔ سکیورٹی خدشات کے باعث لوگ ووٹ ڈالنے بھی حاضر نہ ہوئے۔ مجموعی طور پر قوم نے الیکشن پر عدم اعتماد کا اعلان کر دیا۔ اس طرح وہ دونوں احتمال سچے ثابت ہو گئے، جس کا اندازہ لگایا گیا تھا۔

سیگار اور وزارت دفاع کے ترجمان کے درمیان دلچسپ مکالمہ

اویس افغان

سیگار:

افغان فورسز دفاعی حالت میں ہیں اقدامی پوزیشن پر آنے کی سکت کھو چکے ہیں۔

ترجمان وزارت دفاع:

ہماری فورسز اقدامی پوزیشن پر ہیں۔

سیگار:

حکومتی فورسز کے جانی اور مالی نقصانات میں گزشتہ تین ماہ میں 5 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

ترجمان وزارت دفاع:

حکومتی فورسز کے نقصانات نہایت کم ہیں۔

سیگار:

جنگ میں طالبان کی پوزیشن مضبوط جبکہ حکومت محض اپنا دفاع کر رہی ہے۔

ترجمان وزارت دفاع:

طالبان جنگ میں شکست کھا چکے ہیں۔

سیگار:

اگر حالات اسی ڈگر پر چلتے رہے تو حکومتی فورسز بہت جلد بکھر جائیں گی۔

ترجمان وزارت دفاع:

اگر حالات یہی رہے تو طالبان بہت جلد شکست کھا جائیں گے۔

سیگار:

طالبان کے حملوں کے اثرات میں 5 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

ترجمان وزارت دفاع:

طالبان کے حملے غیر موثر ہیں۔

سیگار:

کابل انتظامیہ کی کوشش ہوتی ہے کہ اپنے فورسز کے نقصانات کی اصل تعداد میڈیا سے خفیہ رکھے۔

ترجمان وزارت دفاع:

ہماری فورسز کے نقصانات بہت ہی کم ہیں۔

سیگار:

ہماری اور یوناما کی تحقیقات میں ثابت ہوا ہے کہ گزشتہ تین ماہ میں عام شہریوں کے اموات میں 42 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

ترجمان وزارت دفاع:

شہریوں کی اموات بالکل نہیں ہوئیں، صرف طالبان کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔

سیگار:

کابل انتظامیہ کی فورسز کو 60 فیصد جانی نقصانات اس وجہ سے پہنچتے ہیں کیوں کہ وہ دفاعی پوزیشن میں ہیں۔

ترجمان وزارت دفاع:

ہماری فورسز کے نقصانات اس وجہ سے بہت کم ہیں کیوں کہ 8 ماہ سے ہم اقدامی پوزیشن پر ہیں۔

سیگار:

انتخابات میں سیکورٹی فورسز نے سیکورٹی سنبھالی لیکن اس کے باوجود لوگوں نے طالبان کے خوف سے انتخابات میں حصہ نہیں لیا۔

ترجمان وزارت دفاع:

سیکورٹی فورسز کی وجہ سے ہی انتخابات کامیابی سے اختتام کو پہنچے اور لوگوں نے بڑی تعداد میں اپنی رائے استعمال کی۔

سیگار:

رواں سال کے 9 مہینوں میں 17 امریکی فوجی ہلاک جبکہ 124 زخمی ہوئے

ہیں جو گزشتہ پورے سال کی نسبت بہت زیادہ ہے اسی طرح رواں سال کے 9 مہینوں میں افغان فورسز نے طالبان کے خلاف 2531 آپریشن کیے ہیں جو گزشتہ پورے سال کی 2365 آپریشنز سے زیادہ ہے لیکن اس کے باوجود حکومتی فورسز نے کئی علاقوں سے پسپائی اختیار کرلی ہے۔

ترجمان وزارت دفاع:

رواں سال ہمارے غیر ملکی اتحادی افواج کے نقصانات کم ہیں ہم سیگار کے اس رپورٹ کو مسترد کرتے ہیں۔

یہ تھا سیگار اور وزارت دفاع کے ترجمان روح اللہ احمد زی کے درمیان مکالمہ جو ایک دوسرے کی بالکل نفی کررہے ہیں۔

سیگار امریکی کانگریس کا ایک منفرد ادارہ ہے جسے افغانستان میں جنگ کے نقصانات اور اخراجات کے بارے میں ایک مصدقہ رپورٹ تیار کرنے کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ اس طرح وہ سال میں چار مرتبہ افغانستان کے زمینی حقائق پر مشتمل ایک رپورٹ اپنی حکومت کو بھیجتی ہے جو افغانستان کی حقیقی تصویر پیش کرتی ہے۔ کانگریس اس رپورٹ کی بناء پر اپنے مستقبل کے منصوبے اور پالیسی بناتی ہے۔

طبعی بات ہے کہ ان کی رپورٹس کسی حد تک حقائق پر مبنی ہوتی ہیں، اگر بات صرف پروپیگنڈے کی حد تک ہوتی تو پھر اس کی روشنی میں امریکی حکومت کے بننے والے منصوبے نقصان کا شکار ہوتے۔

دوسری بات یہ ہے کہ افغان کٹھ پتلیاں ہمیشہ اپنی غیر ملکی آقاوں کے سامنے فریاد کرتے نظر آتے ہیں کہ ہماری مسلح فورسز کمزور ہیں آپ ہماری تربیت اور امداد جاری رکھیں اور افغانستان سے جلد انخلاء کا اعلان نہ کریں ہمیں تنہا نہ چھوڑا جائے۔ کیوں کہ کٹھ پتلی حکومت کے تمام عہدیدار غیر ملکی جارحیت پسندوں کو عسکری امور میں برتر قوت خیال کرتے ہیں اس لیے ان سے تربیت اور امداد جاری رکھنے کے لیے جھولی پھیلاتے رہتے ہیں۔ اس بات کا اعتراف اشرف غنی نے بھی کیا ہے کہ غیر ملکی افواج کے سپورٹ کے بغیر ہماری فوج چھ ماہ لڑنے کی قوت نہیں رکھتی۔

سیگار کی رپورٹ اور افغان کٹھ پتلیوں کا غیر ملکی افواج کی عسکری مہارت کے اعتراف کے باوجود وزارت دفاع کے نام نہاد ترجمان روح اللہ احمد زی نے حال ہی میں سیگار کی رپورٹ منظر عام پر آنے کے بعد اس کے خلاف کئی ٹویٹ کیے اور سیگار سینکڑوں صفحات کی رپورٹ کو بغیر پڑھے ہی مسترد کرلیا ہے جو سیگار نے کئی شواہد اور اسناد کے ساتھ نشر کی ہے تاکہ اسے کوئی بے بنیاد اور من گھڑت قرار نہ دیں۔ لیکن وزارت دفاع نے آنکھیں بند کرکے بغیر کسی دلیل کے پیش کرنے کے اسے مکمل طور پر منفی قرار دیا۔

وزارت دفاع کے مذکورہ عہدیدار جو وزارت دفاع کی عمارت سے غلطی سے بھی باہر جھانک نہیں دیکھتے اور نہ دیکھ سکتے ہیں، انہیں اپنے اہلکاروں کی صحیح تعداد بھی شاید معلوم نہ ہو، خود سیکورٹی حصار میں کسی محفوظ عمارت میں آرام دہ صوفے پر ایستادہ ان عہدیداروں کیا پتہ کہ ان کے اہلکار کہاں کہاں قتل ہورہے ہیں، کہاں ان کے اہلکاروں کے درمیان باہمی لڑائیاں ہوئی ہیں، ملک کے کس علاقے میں وہ طالبان کے محاصرے میں ہیں، کتنے ہیں جنہوں نے طالبان کے سامنے ہتھیار ڈال لیے ہیں، کس جگہ ان کے اہلکاروں کو کمک اور اشیاء خورد ونوش کی ضرورت ہے، کس میدان پر ان کے اہلکاروں کی لاشیں پڑی سڑ رہی ہیں، ملک کے کس کس صوبے میں امریکا نے ان کے ہی چیک پوسٹوں پر بمباری کرکے ملیا میٹ کیا اور وہ اس کے خلاف آواز بھی نہیں اٹھاسکے لیکن اس کے باوجود کہ وہ کوئی سنجیدہ جواب دیتے محض ایک ٹویٹ کے ذریعے سیگار کی رپورٹ کو مسترد کرتے ہیں۔

اسے کہتے ہیں مسلح انارکی جس میں عسکری اور سیاسی عہدیداروں کو نہ اپنے آپ کا علم ہوتا ہے نہ اپنے ارد گرد برپا ہونے والے طوفان کا۔ قومی سلامتی کے نام سے بننے والے مسلح جنگجوؤں کے جتھے بھی کابل انتظامیہ اپنے مسلح فورسز قرار دیتے ہیں حالانکہ جنگجوؤں کا یہ مخصوص جتہ سی آئی اے کے خصوصی تربیت یافتہ اور ان کی ہدایات پر دن رات افغان شہریوں کا خون چوس رہے ہیں۔ وہ نہ اسلامیت کو جانتے ہیں نہ انسانیت اور افغانیت کی ان میں جھلک نظر آتی ہے۔ صرف ڈالروں میں تنخواہ لینے کے لیے اپنے ہی شہریوں کا بے دریغ قتل عام کر رہے ہیں۔ لیکن کابل کی کٹھ پتلی انتظامیہ اس کے باوجود خود کو افغان قوم کے نمائندے کہتے ہوئے ذرا بھی نہیں شرماتے۔

شام سے امریکا کا انخلا اور کردوں پر ترکی کا حملہ

شہید زوی

9 اکتوبر کو ترکی نے شام کے کرد آبادی کے علاقے پر حملہ کر دیا۔ ترکی نے شام کے کردوں پر حملہ اس لیے کیا کیوں کہ شام کے کرد ترکی کی کرد مسلح تنظیم P.K.K سے مضبوط تعلق رکھتے ہیں۔ یہی شام اور عراق کے کرد ہیں جو امریکا اور اسرائیل کی عسکری امداد ترکی کے کردوں کو پہنچاتے ہیں۔ مختلف اوقات میں انہوں نے ملک کی عوامی اور عسکری تنصیبات پر حملے کیے ہیں۔ ترکی کے ساتھ ان کی لڑائی میں دونوں فریق نے ایک دوسرے بڑا نقصان پہنچایا ہے۔

یہ حملہ ایسے وقت میں کیا جارہا ہے جب امریکا نے اس علاقے سے اپنی فوج نکال لی ہے اور کردوں کے ساتھ عسکری امداد سے بھی انکار کر دیا۔ حالانکہ 2003 میں عراق پر امریکی حملے کے بعد 2013 تک جب داعش کا ظہور ہو رہا تھا تب تک امریکا کے خلاف عراقی مسلمانوں کی جہادی مزاحمت کے خلاف کرد امریکا کے حامی رہے۔ شمالی عراق کے کرد امریکا کے شانہ بشانہ مضبوطی سے کھڑے رہے۔ کردوں کی عسکری تنظیم نے عراق کے سنی مسلمانوں کا قتل عام کیا۔ 2013 میں جب عراق اور شام میں داعش سامنے آئی تو یہی کرد ہی تھے جنہوں نے داعش کے خلاف امریکا کی مدد کی۔ اس لیے اب کردوں ہر ترکی کے حملے کے دوران امریکی فوج کے کرد علاقوں سے انخلا اور کردوں کی مدد سے انکار نے دنیا کو حیران کر دیا ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کردوں کی مدد نہ کرنے پر بہت دلچسپ دلیل پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کرد اپنی سرزمین کے دفاع کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ کرد اور ترک گذشتہ 2 سو سال سے ایک دوسرے پر حملے کر رہے ہیں۔ کردوں نے دوسری جنگ عظیم کے وقت امریکا کی مدد نہیں کی تھی۔

امریکا کی جو یہ عادت ہے کہ وہ اپنے کٹھ پتلیوں اور غلاموں کو یوں ہی میدان میں اکیلا چھوڑ دیتا ہے تو اس کے لیے وہ ایسے دلچسپ دلائل بھی پیش کرتا ہے۔

وہ دن بہت جلد آئے گا ان شاء اللہ جب وہ افغانستان سے بھی نکل جائے گا۔ اپنے غلاموں کو خالی میدان میں چھوڑ دے گا۔ ان کی مدد سے انکار کر دے گا اور اس کے لیے ایسے ہی دلائل پیش کرے گا۔

باوجود اس کے کہ عربوں اور کردوں کے درمیان بڑے عرصے سے لسانی اور قومی نفرتیں موجود ہیں۔ عرب ممالک کردوں کے معاملات میں کوئی دلچسپی نہیں لیتے۔ مگر چونکہ سعودی عرب، مصر، متحدہ عرب امارات اور بحرین کے ترکی سے کچھ مسائل پر اختلافات ہیں اور ترکی کے ساتھ ان ممالک کے تعلقات زیادہ اچھے نہیں ہیں اس لیے وہ ترکی کے ان حملوں کی مخالفت کر رہے ہیں اور مصر نے تو اس پر عرب لیگ کی کانفرنس بلانے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔

کرد دو ہزار سالہ تاریخ رکھنے والی قوم ہیں۔ ان کی بہادری اور جرات بہت مشہور ہے۔ اسلام کے بہت بڑے فاتحین اس قوم سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ مشرق وسطی کے شمالی حصے کے رہنے والے لوگ ہیں۔ ترکی، شام، عراق اور ایران کردوں کے اصل وطن ہیں۔ کردوں کا اپنا علاقہ ترکی کے جنوب میں پہاڑی علاقوں سے شروع ہوتا ہے اور شام، عراق اور ارمنستان سے ایران تک پہنچتا ہے۔

عالمی اداروں کی جانب سے شائع ہونے والے اعداد وشمار کے مطابق اس خطے میں 5 کروڑ کرد رہتے ہیں۔ کرد اس علاقے کو کردستان کہتے ہیں جس میں وہ اپنے لیے ایک آزاد ریاست قائم کرنا چاہتے ہیں۔ تعداد کے اعتبار سے کرد مشرق وسطی کی چوتھی بڑی قوم ہیں۔ مگر ان کے پاس صرف عراق اور ایران میں کردستان کے نام سے ایک ایک صوبہ ہے۔ اس لیے کرد دنیا کی وہ سب سے بڑی قوم ہیں جن کے پاس اپنے نام سے ایک علیحدہ ملک نہیں ہے۔

بلکہ ان مذکورہ چار ممالک میں تقسیم ہوئے پڑے ہیں۔ ترکی میں ان کی تعداد 15 سے 20 ملین تک ہے۔ ایران میں ان کی تعداد 13 ملین تک ہے۔ عراق میں 8 ملین اور شام میں 3 ملین ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ لبنان، ارمنستان، کویت، فلسطین (مقبوضہ اور آزاد) میں بھی کرد رہتے ہیں۔ مغربی ممالک کی طرف بھی بہت سے کرد نقل مکانی کر چکے ہیں۔ عالمی اداروں کی جانب سے شائع ہونے والے اعداد وشمار کے مطابق ان کی تعداد تقریبا 10 ملین تک ہے۔

صرف جرمنی میں ترکی سے نقل مکانی کرنے والے کردوں کی تعداد ایک ملین ہے۔ جرمنی میں انہیں کردوں کی موجودگی ترکی اور جرمنی کے درمیان نزاع کا سبب بنا ہوا ہے۔ جرمنی انہیں کرد قرار دیتا ہے اور ترکی کا مطالبہ ہے کہ انہیں کرد نہیں ترک قرار دیا جائے۔ کردوں میں مذہبی اعتبار سے بہت قلیل تعداد میں یہودی، مسیحی، زرتشت اور عراق میں محدود تعداد میں شیعہ بھی ہیں۔ ان کی اکثریت سنی مسلمانوں کی ہے مگر افسوس کہ اب ان میں بے راہ روی اور عقیدے کا انحراف بہت بڑھ گیا ہے۔

خلافت عثمانیہ کے دور میں کردوں کی رہائش کا یہ علاقہ کردستان صوبہ کے نام سے ہی ذکر کیا جاتا تھا اور یہ اس خلافت کے بڑے اور اہم صوبوں میں سے ایک اہم صوبہ تھا۔

1915 اور 1918 میں ترکی کے کردوں نے عثمانی خلافت سے آزادی حاصل کرنے اور آزاد کردستان کے قیام کے لیے کوششیں کیں مگر عثمانی خلافت نے انہیں کامیاب نہیں ہونے دیا۔ 1920 میں سیوور معاہدے میں آزاد کردستان کی بھی سامنے آئی مگر ترکی کے ساتھ ساتھ فرانس اور برطانیہ نے بھی اس کی مخالفت کی تھی۔

خلافت عثمانیہ کا سقوط کردوں کے لیے بہت بڑی خوشخبری تھی۔ انہیں پورا یقین تھا کہ خلافت کے خاتمے کے نتیجے میں یہاں آزاد کردستان قائم ہو جائے گا۔ مگر کردوں کی امیدیں بھر نہیں آئیں۔ مشرق وسطی ترکوں کے ہاتھ سے نکل گیا اور ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا جس میں چھوٹے چھوٹے ممالک سامنے آگئے۔ مگر کردستان کے نام سے کوئی ریاست نہ بن سکی۔ ترکوں کا یہ مجوزہ علاقہ اور خود کرد ترکی، عراق، شام اور ایران میں تقسیم ہو گئے۔ چونکہ کرد سنی ہیں اس لیے ایران میں ان کے خلاف دیگر سنیوں کے طرح مشکلات ہیں مگر عراق، ترکی اور شام میں ان کی حالت بہت اچھی تھی۔ تمام شہری حقوق کے مالک تھے۔ عام طور پر ان حکومتوں کی جانب سے ان سے کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا جاتا تھا اور نہ اب کیا جارہا ہے جسے اپنے ملک میں بغاوت کی معقول وجہ گردانا جائے۔

معقول سبب کچھ بھی نہیں تھا۔ آزاد کردستان کے قیام کی اصل وجہ عالمی استعماری قوتوں خصوصا اسرائیل اور امریکا کی شہ ہے۔ 1923 میں مغرب کی جانب سے kingdom of Kurdistan کے نام سے ترکی، عراق، ایران اور شام کے درمیان آزاد کردستان کے قیام کے لیے ایک نقشہ پیش کیا گیا۔ کیوں کہ فلسطین میں اسرائیلی حکومت کے قیام سے قبل آزاد کردستان کا قیام امریکا ضروری سمجھ رہا تھا مگر مسلسل دو عالمی جنگوں میں مصروف ہونے کی وجہ سے دنیا یہ منصوبہ عملا پورا نہ کر سکی۔ بعد میں جب بھی مغرب نے کوشش کی ترکی، ایران، عراق اور شام نے مل کر اس کے خلاف رد عمل دکھایا ہے اور اسے کامیاب نہیں ہونے دیا۔ مگر عالمی استعماری قوتوں نے kingdom of Kurdistan (عظیم کردستان) کی اصطلاح زندہ رکھی ہوئی ہے۔ اس اصطلاح کا زندہ رکھنا اور بار بار مذکورہ چار ممالک میں کرد بغاوت کا اٹھنا، ان سب کی بڑی وجہ یہی ہے۔ ان بغاوتوں کے سلسلے میں طویل جنگیں ہوئی ہیں۔ جس میں جنگ کے دونوں فریق خصوصا کردوں کو بہت نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ مگر کوئی قابل ذکر کامیابی اب تک حاصل نہیں کر سکے ہیں۔

کردوں کی 46 فیصد آبادی ترکی سے تعلق رکھتی ہے۔ جو ترکی کی کل آبادی کا 20 فیصد ہے۔ 31 فیصد ایران میں ہیں جو ایران کی کل آباد کا 15 فیصد ہیں۔ کردوں کی 18 فیصد آبادی عراق میں ہے جو عراق کی کل آبادی کا 20 فیصد ہیں۔ ان کی 5 فیصد شام میں ہے جو شام کی کل آبادی کا 8 فیصد ہیں۔ ترکی کے 90 اضلاع میں سے 21 اضلاع کردوں کے ہیں۔ اس ملک میں P.K.K نام کی ایک مسلح کرد تنظیم بھی موجود ہے جس نے مختلف اوقات میں حکومت کے مختلف عسکری اور عوامی تنصیبات پر حملے بھی کیے ہیں۔ انہیں اور ترکی حکومت کو جنگوں میں بڑے جانی نقصانات بھی اٹھانے پڑے ہیں۔ مگر چونکہ ترکی کی فوج منظم اور طاقتور ہے اس لیے اب تک ترکی سے آزادی لینے کی ساری امیدیں خاک میں مل گئی ہیں۔ طاقتور حکومتوں کی موجودگی میں شام اور ایران کے کردوں کو بھی آزادی حاصل کرنے کی امید نہیں تھی۔ مگر عراق کے کرد ان کے برعکس عراق سے آزادی لینے کی کوشش میں کسی حد تک کامیاب ہیں۔

شمالی عراق میں مسعود بارزانی کے والد مصطفی بارزانی کی سربراہی میں 1920ء میں کردوں نے اپنی خود مختاری اور عراق سے علیحدگی کے لیے تحریک کا آغاز کر دیا جو 1970 تک جاری رہا۔ اس طویل مزاحمت کے نتیجے میں 11 مارچ 1970 میں عراق کے شمال میں کرد آبادی کے تین صوبوں اربیل، سلیمانیہ اور دھوک میں کردوں کی نیم خود مختاری تسلیم کرلی گئی۔ یہ تینوں کرد آبادی کے صوبے صوبہ کردستان سمجھے جاتے ہیں جہاں کردوں نے نیم آزاد حکومت قائم کرلی مگر عراق کی مرکزی حکومت اور کردوں کی اس نیم آزاد حکومت کے درمیان تعلقات کشیدہ رہے۔ 1970 سے 1974 تک مرکزی حکومت اور کردوں کی نیم آزاد

ریاست کے درمیان کئی بار جنگیں ہوئیں جب امریکا اور اسرائیل نے ایران کے ذریعے جہاں رضا شاہ پہلوی کی حکومت تھی، کردوں کو بڑے پیمانے پر اسلحہ اور جنگی وسائل دیے۔ پھر 80 کی دہائی کے آخر میں صدام حسین حکومت نے کردوں کو مرکزی حکومت کا تابع کرنے اور ان کی نیم خود مختاری کے خاتمے کے لیے کردستان فوج بھیجی۔ جنگیں شروع ہوگئیں جو 1988 تک جاری رہیں۔ اور دعووں کے مطابق 1988 میں صدام نے ان پر زہریلی گیس کا استعمال کیا جس کے نتیجے میں ہزاروں کی تعداد میں کرد ہلاک ہوگئے۔ کہا جاتا ہے کہ حکومت کے خلاف کردوں کی یہ بغاوت اور پھر حکومت کی جانب سے ان پر ہونے والے حملوں کے نتیجے میں دونوں جانب سے 2 لاکھ افراد ہلاک ہوگئے۔ 1991 میں جب عراق پر امریکی جارحیت کے وقت صدام حسین نے اپنی فوجیں کردستان کی سرحدوں سے پیچھے ہٹالیں تو نہ صرف یہ کہ مرکزی حکومت کی جانب سے کردستان کی نیم آزاد ریاست کو درپیش خطرات کا خاتمہ ہوگیا بلکہ مرکزی حکومت نے اقوام متحدہ کی موجودگی میں یہ بھی تسلیم کرلیا کہ کردستان انتظامیہ کو تیل کے ذریعے حاصل کی ہوئی دولت میں سے 17 فیصد دے گا۔

کرد اسی نظام میں خوش تھے۔ 2003 تک بات یوں ہی چلتی رہی۔ 2003 میں عراق پر امریکی جارحیت اور قبضے کے نتیجے میں جب صدام حسین حکومت کا خاتمہ کیا گیا اور ان کی حکومت ختم ہوگئی۔ عراق پر شیعہ کٹھ پتلی حکومت مسلط ہوگئی تو کردستان صوبہ عارضی طور پر اس شرط پر عراق سے منسلک ہوگیا کہ تیل کی آمدنی میں سے حاصل ہونے والی رقم میں سے معلوم فیصدی دی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ مرکزی انتظامیہ سے قانونی نیم خود مختاری اور سرحدات کے تعین کے لیے مذاکرات بھی جاری رکھے۔ جس کے نتیجے میں عراق کی کٹھ پتلی انتظامیہ نے امریکا کے کہنے پر ان کے مطالبات تسلیم کرلیے۔ 200 میں عراق کے آئین میں تبدیلی آگئی اور کردستان صوبہ کو خود مختار بنا کر ریاست کے اندر ریاست قائم کرنے کی اجازت دیدی گئی۔ کردوں نے گذشتہ 14 سالوں میں اپنی سرحدوں کو بہت وسعت دی۔ صوبہ کرکوک کے تیل کے ذخائر سے لبریز علاقے بھی انہوں نے قبضہ کرلیے جو درحقیقت کردستان کا حصہ نہیں تھے۔ ان کے اکثر شہری عرب اور دیگر اقوام سے تعلق رکھنے والے تھے۔ کردستان انتظامیہ نے کردستان اور کرکوک میں تیل کے اخراج میں اضافہ کریا اور ترکی کے راستے بحیرہ روم تک ہر دن 6 لاکھ بیرل تیل پہنچایا ۔ جس سے ان کے اقتصادی ذخائر میں بھی اضافہ ہوا اور دنیا کی بہت توجہ بھی انہوں نے حاصل کرلی۔ اس طرح انہوں نے عرب دنیا میں مقبولیت بھی حاصل کرلی۔ کردوں کی اس حکومت کو دنیا میں کے آر جی، یا کردستان ریجنل گورنمنٹ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ جس کا سربراہ مسعود بارزانی ہے۔

اونچے پہاڑوں، جھیلوں، جنگلوں، بہتے پانی اور زیر زمین میٹھے پانی کے ذخائر سمیت یہ علاقہ گیس اور تیل کے ذخائر سے بھی مالا مال ہے۔ عالمی اداروں کی شائع ہونے والی رپورٹوں کے مطابق یہاں 45 بلین بیرل سے زیادہ کے تیل کے ذخائر موجود ہیں۔ یعنی یہ دنیا کا وہ چھٹا علاقہ ہے جہاں تیل کے بڑے ذخائر موجود ہیں۔ کردستان حکومت کہتی ہے کہ یہاں بہت سے مقامات پر تیل کے بڑے ذخائر موجود ہیں۔

باوجود اس کے کہ یہاں تیل کے بڑے ذخائر موجود ہیں مگر چونکہ خطے میں سیکیورٹی صورتحال ٹھیک نہیں ہے اس لیے یہ خطہ عالمی طاقتوں کی صحیح توجہ حاصل نہیں کرسکا۔ یہاں اس طرح کی سرمایہ کاری نہیں کی گئی جیسی ہونی چاہیے تھی۔ تیل، گیس اور دیگر ذخائر سے مالا مال اس زمین کو عراق سے بالکل علیحدہ کرنے کے لیے گذشتہ سال 25 ستمبر کو مسعود بارزانی حکومت نے کردستان اور کرکوک میں ریفرنڈم کروایا۔

ریفرنڈم کے لیے 53 لاکھ افراد کی رجسٹریشن کی گئی تھی۔ رائے دہی کے لیے 12072 مراکز کھولے گئے تھے۔ جن میں حکومت کے مطابق اکثریت یعنی 76 فیصد لوگوں نے خود مختاری کے حق میں ووٹ دیا۔ ریفرنڈم سے قبل یورپی یونین نے مسعود بارزانی کو ریفرنڈم موخر کرنے کا حکم دیا تھا اور دھمکی دی تھی کہ اگر انہوں نے ریفرنڈم موخر نہیں کیا تو یورپی یونین ان پر پابندی عائد کردے گا۔ امریکا نے بھی بظاہر اس ریفرنڈم کی مخالفت کی تھی اور کہا تھا کہ داعش کو شکست دینے اور عراق میں جہادی گروپوں کو کچلنے کے لیے امریکا عراق کے اتحاد کو ضروری سمجھتا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ عراق سے الگ ہونے کی بجائے کرد رہنما اپنی توجہ جہادیوں کے خلاف جنگ اور ایران کے بڑھتے نفوذ کو کم پر لگائیں گے۔ اقوام متحدہ نے بھی اس حوالے سے اپنے خدشات کا اظہار کیا تھا۔ اس ادارے کے سربراہ انتونیو گوتیریس نے کہا کہ وہ کردستان کے حالیہ ریفرنڈم کے حوالے سے خدشات رکھتے ہیں۔ خطرہ ہے کہ اس سے خطے شدید بدامنی پیدا ہوگی۔ دوسری جانب کردستان کے پڑوسی ممالک ترکی، ایران، شام اور خود عراق نے بھی اس ریفرنڈم کی مخالفت کی تھی اور اس کے ساتھ ساتھ خطرناک عملی اقدامات بھی کیے تھے۔ ترکی اور عراق کی مرکزی

حکومت نے اپنی فوج کردستان کے خلاف ممکنہ جنگ کی تیاری کے لیے کردستان کی سرحدوں تک پہنچادی اور دونوں نے جنگی مشقیں بھی کیں۔

ترکی جانتا ہے کہ عراق میں کردوں کی آزاد حکومت کے قیام کی صورت میں ترکی کے کردوں کی آزادی کا دعوی مضبوط ہو سکتا ہے۔ اس لیے ترک صدر طیب اردوان نے اس ریفرنڈم کو روکنے کو بہت کوششیں کیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ریفرنڈم کامیاب ہونے کی صورت میں کردستان انتظامیہ کو دھمکیاں بھی دیں۔ ریفرنڈم کو ترک کرنے پر راضی کرنے کے لیے ایران نے کردستان سے جو مذاکرات کیے ان کی ناکامی کے بعد ایران نے بھی کردستان سے اپنے فضائی اور زمینی رابطے میں منقطع کردیے تھے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے کردستان کی سرحدوں کے قریب بڑی مقدار میں اسلحہ بھی پہنچادیا تھا اور یہیں پر فوجی مشقیں شروع کردیں۔ شام نے اگرچہ کوئی عملی اقدام نہیں کیا مگر شدید الفاظ میں ریفرنڈم کی مخالفت کی اور کہا کہ اس سے شام کی سرحد کو خطرہ لاحق ہوگا اس لیے یہ ریفرنڈم شام کے لیے قابل قبول نہیں ہے۔ مختصر یہ کہ پوری دنیا میں کسی نے بھی کردستان کے ریفرنڈم کی حمایت نہیں کی۔ پڑوسی ممالک سمیت بہت سے ممالک نے اس کی مخالفت کی۔ یہاں تک کہ امریکا نے بھی بظاہر اس ریفرنڈم کی مخالفت کی ہے حالانکہ وہ خفیہ طور پر اس کا حامی ہے اور پہلے سے ہی اس نے کرد، شیعہ اور سنی آبادیوں کی تقسیم کا منصوبہ بنایا ہوا ہے۔

ان مخالفتوں کے باوجود کردستان کے سربراہ مسعود بارزانی ریفرنڈم سے دستبردار نہ ہوئے بس اتنا کہا کہ ریفرنڈم کا مقصد کبھی بھی یہ نہیں کہ ہم عراق سے فوری علیحدگی چاہتے ہیں یا ہم فوری الگ ہونے کا اعلان کردیں گے۔ بلکہ اس کے بعد بغداد سے مذاکرات کا سلسلہ شروع ہوگا جو شاید ڈیڑھ دو سال تک چلے۔ غاصب اسرائیلی حکومت نے اس ریفرنڈم کی شدید حمایت کی تھی۔ کردستان حکومت کو ہر طرح کے تعاون کا اطمینان دلایا اور 25 ستمبر کو کردستان کے ریفرنڈم کے لیے اسرائیلی صحافیوں نے دورہ بھی کیا تاکہ لحہ بہ لحہ رپورٹنگ ہوتی رہے۔ اسی لیے تو ریفرنڈم کے دن کردوں نے اپنے پرچم کے ساتھ اسرائیل کے جھنڈے بھی اٹھائے ہوئے تھے۔

ناروے میں بھی کردستان کے ریفرنڈم کے حق میں نکالی جانے والی ریلی میں کردوں نے اپنے جھنڈوں کے ساتھ اسرائیلی جھنڈے بھی اٹھائے رکھے تھے۔

سوال یہ ہے کہ اسرائیل کیوں آزاد کردستان چاہتا ہے؟

اسرائیلی حمایت کی مختلف وجوہات ہیں۔ پہلی وجہ تو یہ ہے کہ اسرائیل کے وجود کے ساتھ ہی استعمار نے مشرق وسطی میں اسرائیل کے حامی ایک ملک کے وجود کو ضروری سمجھا تھا جو کردستان سے زیادہ بہتر کوئی ملک نہیں ہو سکتا تھا۔ اسی لیے تو 1950 میں مسعود بارزانی کے والد مصطفی بارزانی کی حمایت کی تھی۔ دوسری بات یہ ہے کہ اسرائیل اور امریکا یہ جانتے ہیں کہ کردستان ایک کمزور ملک ہوگا، تیل، گیس اور دیگر تمام ذخائر پر بہت آسانی سے ان کا دائمی قبضہ ہو جائے گا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس راستے سے مسلمانوں کے انتہائی اہم ملک عراق کی تقسیم ہوگی اور ترکی، شام، ایران جیسے اہم ممالک کی تقسیم کی راہ ہموار ہو جائے گی۔ عراق میں آزاد کردستان کے قیام کے بعد ان ممالک میں بھی آزاد کردستان کا نعرہ زور پکڑے گا۔ اور یہی اسرائیل کی خواہش ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ ترکی کے حملے کے دوران امریکی انخلا ایک خاص تیکنیک کے تحت ہے۔ امریکا چاہتا ہے کہ ترکی کو ایک نہ ختم ہونے والی جنگ میں دھکیل دے۔ عراق پر حملے کے فورا بعد اس نے اس منصوبے پر کام شروع کیا تھا اور تب ہی سے کردوں کے لیے سیاسی، مالی اور عسکری امداد کا آغاز کردیا گیا ہے۔ 1014 میں اس تعاون میں اضافہ ہو گیا اور 2017 میں کرد عسکری تنظیموں کو اسلحہ دینے کا اعلان ہوا۔

عراق اور شام میں کردوں کی بہت سی مسلح تنظیمیں ہیں جن کا سارا اسلحہ امریکا اور تربیت اسرائیل فراہم کرتا ہے۔ ابھی جب امریکا نے شمالی شام سے نکلنے کا اعلان کیا ہے تو فوراہی اسرائیل نے کردوں کی حمایت کا اعلان کردیا۔ اس لیے امریکا کی پسپائی اور ترکی کے لیے خالی میدان چھوڑنا دراصل ترکی کے لیے ایک جال بچھانا ہے۔ اس کا ہدف دراصل سعودیہ کی طرح ترکی کو بھی ایک نہ ختم ہونے والی جنگ میں گھیرنا ہے مگر ترکی جو امریکا اور اسرائیل کے عزائم جانتا ہے تو امید یہی ہے کہ اس جنگ سے جان چھڑانے کے لیے اس نے پہلے سے سوچا ہوگا۔

اشرف غنی کو سزا دیں

جمال احمدزئی

